CAMBRIDGE
INTERNATIONAL SCHOOL

(Instructions) ہدایات

ان سوالات کے جوابات الفاظ میں لکھیں۔ اس کا مقصد آپ کی سوچنے، سمجھنے اور اظہارِ خیال کی صلاحیت کو بہتر بنانا ہے۔

جواب لکھتے وقت اپنی رائے اور تخلیقی سوچ کا استعمال کریں۔ ان سوالات کا مقصد صرف کتاب یاد کرنا نہیں بلکہ سوچ کو فروغ دینا ہے۔(Creative) اور تخلیقی (Critical)تنقیدی

اگر ممکن ہو تو اپنے والدین یا گھر کے کسی بڑے فرد سے بھی ان موضوعات پر گفتگو کریں۔ اس سے آپ کو مختلف نقطۂ نظر جاننے اور اپنی سمجھ میں اضافہ کرنے میں مدد ملے گی۔

درست یا غلط جواب سے زیادہ اہم آپ کی دلیل، سوچ اور اندازِ بیان ہے۔ اعتماد کے ساتھ اپنے خیالات واضح اور منظم انداز میں تحریر کریں۔

سوالات۔

اگر آپ کو اپنی زندگی میں کسی ایک خواب کو پورا کرنے کا موقع ملے، تو وہ خواب کیا ہوگا اور اسے پورا کرنے کے لیے آپ کون سے عملی اقدامات کریں گے؟

آپ کے خیال میں کامیابی کے لیے زیادہ اہم کیا ہے: ذہانت، محنت یا ہمت؟ اپنی رائے دونوں اسباق کی روشنی میں بیان کریں۔

اگر آپ کو کسی ایسی شخصیت سے ملنے کا موقع ملے جس نے مشکل حالات کے باوجود کامیابی حاصل کی ہو، تو آپ اس سے کون سے تین سوال پوچھیں گے؟

اگر معاشرے میں لڑکوں اور لڑکیوں کو یکساں مواقع نہ ملیں، تو اس کا مستقبل پر کیا اثر پڑ سکتا ہے؟ اپنی رائے دیں۔

اگر آپ اسکول کے پرنسپل ہوں، تو طلبہ میں بڑے خواب دیکھنے اور انہیں پورا کرنے کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے کون سی تین سرگرمیاں شروع کریں گے؟

نظر آتی ہیں؟ وضاحت کے (Values)دونوں اسباق ایک لڑکی اور چند خلا باز خواتین میں کون سی مشترک اقدار ساتھ لکھیں۔

اگر آپ کو ان دونوں اسباق کا ایک نیا مشترکہ عنوان دینا ہو، تو وہ کیا ہوگا؟ اپنی وجہ بھی بیان کریں۔

کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ناکامی انسان کو مضبوط بناتی ہے؟ اگر ہاں، تو کیسے؟ اپنی مثال یا مشاہدے سے وضاحت کریں۔

اگر آپ کو اپنے چھوٹے بہن بھائی یا دوست کو ان دونوں اسباق کا پیغام صرف ایک ایک جملے میں بیان کرنا ہوگا تو وہ جملہ کون سا ہوگا؟